سوال

(551) شرط اور انعام میں فرق

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اسلام میں شرط لگانا حرام ہے بعض لوگ کہتے ہیں اسی چیز کو ہم انعام قرار دیتے ہیں کیونکہ جیتنے والوں کو تو یہ انعام ملتا ہے جبکہ شرط وہ ہوتی ہے ہارنے والے اور جیتنے والے دونوں فریق پر چٹی پڑے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

ناجائز اور حرام شرط کا نام انعام رکھ لینے سے وہ شرط جائز نہیں بن جائے گی۔ اس کی مثال اس طرح سمجھ لیں کہ خمر و شراب کا نام طلاء رکھ لینے سے وہ جائز تو نہیں ہو جائے گی۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

خرید و فروخت کے مسائل ج1ص 387

محدث فتویٰ